سوال

خوف کی وجہ سے جمعہ ساقط ہوجائے گا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص کی نماز جمعہ کے وقت ایک ادارے کے سامان کی حفاظت کے لئے بطور چوکیدار ڈیوٹی ہے اور وہ اس بات سے ڈرتا ہے کہ اگر وہ نماز کے لئے گیا تو سامان چاری ہوجائے گا تو کیا اس سے نماز جمعہ ساقط ہوجائے گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس سے جمعہ ساقط ہوجائے گا بشرطیکہ سامان کی چوری کا خوف یقینی ہو اور یہ ممکن نہ ہو کہ سامان کو مضبوط عمارت کے اندر رکھ کر حفاظت کے لئے تالا لگا دیا جائے اور اس علاقے میں ایسے چور اور اچکے موجود ہوں جو نماز جمعہ پڑھنے کی بجائے لوگوں کی غفلت سے فائدہ اٹھا کر سامان اٹھا لیتے اور غیر محفوظ جگہ پر پڑے ہوئے ساز وسامان کو چرا لیتے ہوں اور اگر چوری کا اندیشہ حقیقی نہ ہو بلکہ یہ صرف وہم کی کرشمہ سازی ہو تو اس سے کسی سے بھی جمعہ ساقط نہ ہوگا اور جب خوف کا اندیشہ یقینی ہو تو اس صورت میں سامان کے پاس ایک آدمی یا اتنے آدمی رہ جائیں جو بقدر ضرورت ہوں اور چوکیداروں وغیرہ کی آمد کے بعد یہ نماز ظہر پڑھ لیں۔ واللہ اعلم

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص546

محدث فتویٰ